# Provincial Assembly of
# Khyber Pakhtunkhwa

KHALID KHAN
Charsadda (PK-62)

Ref No:

Date:

## توجہ دلاؤ نوٹس

جناب سپیکر!

میں اس معزز ایوان کی توجہ گزشتہ روز تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال تنگی میں پیش انے والے ایک انتہائی ناخوشگوار واقعے کی جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ گزشتہ رات تحصیل تنگی سے تعلق رکھنے والے کامران نامی شخص نے اپنی زوجہ بنام شفاء کو گھریلوں ناچاقی پر قتل کیا، جن کی لاش پوسٹ مارٹم کیلئے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال تنگی لایا گیا جہاں پر متعلقہ سٹاف موقع پر موجود ناہونے کے باعث دو گھنٹے لاش بے یار و مددگار پڑی رہی، جس کے بعد لاش کو مجبوراً پوسٹ مارٹم کیلئے چارسدہ لیجایا گیا۔

جناب سپیکر!

تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال تنگی کے حوالے سے بعد میں انکشاف ہوا کہ اس ہسپتال کے تقریباً 22 اہم پوسٹس پر تعینات ہوئے والے اہلکار دوسرے من پسند جگہوں پر ڈیوٹیاں دے رہے ہیں، جن کی وجہ اہل علاقہ صحت کے مسائل میں انتہائی مشکلات کا شکار ہیں۔

لہذا میں اس معزز ایوان کی وساطت سے صوبائی حکومت اور خصوصاً محکمہ صحت تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال تنگی میں حالیہ پیش انے والے واقعات اور سٹاف کی کمی کے حوالے سے خصوصی انکوائری کا مطالبہ کرتا ہوں۔

Khalid Khan

خالد خان مہمند

ممبر صوبائی اسمبلی

پاکستان تحریک انصاف

CALL ATTENTION NOTICE

Session No. 9th

Notice No. 601

Received Time: 4:45

Received Date: 15/9/2025

From Mr. / Ms. خالد خان MPA

Receiver Sign: [signature]